# عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ

## پچیسواں سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص یافتگان کا پچیسواں سالانہ اجلاس عام بروز بدھ 27 نومبر 2019 کو صبح 10:30 بجے PSX آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

### عمومی امور

1) غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 21 ستمبر 2019 کی کارروائی کی توثیق۔

2) کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے اختتامی سال 30 جون 2019 اوران پر آڈیٹرز مع ڈائریکٹرز کی رپورٹ کے ساتھ کمپنی کے آڈٹ شدہ مجموعی مالیاتی گوشوارے اوران پر آڈیٹرز رپورٹ برائے اختتامی سال 30 جون 2019 کی وصولی، غوروخوض اور منظوری۔

3) 30 جون 2020 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اوران کے معاوضہ کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور بیرونی آڈیٹرز دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

### خصوصی امور

4) کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنانا کہ وہ مالیاتی سال 30 جون 2020 کے دوران ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے اُن سَودوں (اگر واقع ہوں) کی منظوری دیں جس کے لئے کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری درکار ہوگی اس کے لئے مندرجہ ذیل قرار دادیں ترمیم یا بلا ترمیم منظور کی جائیں گی:

**قرار پایا** کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنایا جاتا ہے کہ مالیاتی سال 30 جون 2020 کے دوران ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے سودوں کو انفرادی طور پر منظور کرنا۔

**مزید قرار پایا** کہ سودوں کی ڈائریکٹرز سے منظوری کو (اگر واقع ہوں) کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری تصور کیا جائے گا اور (اگر ضروری ہوا) تو انہیں کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت اگلے سالانہ اجلاس عام میں باضابطہ توثیق/منظوری کے لئے حصص یافتگان کے روبرو پیش کیا جائے گا۔

5) مندرجہ ذیل خصوصی قرار دادوں پر غوروخوض اور موزوں پانے پر ترمیم بلا ترمیم پاس کرنا:

**ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری۔**

**قرار پایا** کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز مجریہ 2017ء کے تحت ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں دفعہ (3)134 کے تحت گوشوارہ کے جزو-B میں درج شرائط وضوابط کے مطابق اگلے سالانہ اجلاس عام تک سرمایہ کاری/ مزید سرمایہ کاری کی مندرجہ ذیل حد کی منظوری دی جاتی ہے۔

**مزید قرار پایا** کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2017 کے ملحقہ کمپنیوں اور ملحقہ اداروں میں مندرجہ ذیل ایکویٹی سرمایہ کاریوں کی تجدید کی رضامندی اور منظوری دی جاتی ہے جنہیں دفعہ (3)134 کے تحت گوشوارہ کے جزو-C پر موجود بیانیہ میں بتایا گیا ہے جن کی غیر استعمال شدہ رقم کی حد تک کی منظوری گزشتہ سالانہ عام اجلاسوں میں لے لی گئی تھی اور جس کی مدت اگلے سالانہ اجلاس عام تک ہوگی، اس میں اگلے عام اجلاسوں میں مزید مدتوں تک تجدید ہو سکے گی۔

**مزید قرار پایا** کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2017 کے تحت ملحقہ کمپنیوں اور ملحقہ اداروں میں مندرجہ ذیل منظور شدہ قرضوں/ پیشگیوں/ گارنٹیوں کی حدود میں تجدید کی رضامندی اور منظوری دی جاتی ہے جنہیں تفصیلی طور پر دفعہ (3)134 کے تحت گوشوارہ کے جزو-C پر موجود بیانیہ میں بتایا گیا ہے، تاہم حد کی منظوری چاہے وہ قرضہ یا جاری سرمائے یا گارنٹی کی صورت میں ہو، اس کی مدت اگلے سالانہ اجلاس عام تک ہوگی ماسوائے اگر گزشتہ منظوری مزید مدت کی ہو، اور اس میں اگلے سالانہ عام اجلاسوں میں مزید مدتوں تک تجدید ہو سکے گی۔

..........................................رقم (ملین میں)..........................................

| نمبر شمار | ملحقہ کمپنیوں اور ملحقہ اداروں کا نام | مجوزہ نئی سرمایہ کاری | | تجدید کی درخواست | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | ایکویٹی | قرضہ/ پیشگی/ گارنٹی | ایکویٹی کا غیر استعمال شدہ حصہ | منظور شدہ قرضہ/ پیشگی/ گارنٹی |
| | | PKR | PKR | PKR | PKR / USD |
| 1 | جاویداں کارپوریشن لمیٹڈ | - | - | 737 | PKR 2,432 |
| 2 | سمٹ بینک لمیٹڈ | اب ملحقہ کمپنی نہیں رہی | | | |
| 3 | عارف حبیب لمیٹڈ | - | - | 490 | PKR 4,500 |
| 4 | ایم سی بی عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ | - | - | 399 | - |
| 5 | پاک عرب فرٹیلائزر لمیٹڈ | - | - | 1,000 | PKR 1,000 |
| 6 | فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ | - | - | 1,800 | PKR 1,000 |
| 7 | روٹو کاسٹ انجینئرنگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ | - | - | 300 | PKR 200 |
| 8 | عارف حبیب ڈولمین ریٹ مینجمنٹ لمیٹڈ | - | - | 1,000 | PKR 500 |
| 9 | عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ | 500 | - | 48 | PKR 8,250 plus USD 80 |
| 10 | پاور سیمنٹ لمیٹڈ | 500 | - | 248 | PKR 1,500 plus USD 49 |
| 11 | سچل انرجی ڈویلپمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | - | - | 754 | PKR 11,500 OR PKR 1,000 plus USD 100 |
| 12 | سیف مکس کنکریٹ لمیٹڈ | - | - | 150 | PKR 150 |
| 13 | ڈولمین سٹی ریٹ | - | - | 799 | - |
| 14 | نیشنل ریسورسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | 150 | - | - | - |

**مزید قرار پایا** کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2017 کے تحت 100,000,000 یو ایس ڈالر کی درست عکاسی اور انکشاف جسے پہلے 10,500,000,000 روپوں کے طور پر منکشف کیا گیا تھا کی رضامندی اور منظوری جسے 100,000,000 یو ایس ڈالر کے برابر کارپوریٹ گارنٹی کے طور پر کمپنی نے سچل انرجی ڈویلپمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایک ذیلی کمپنی کی طرف سے جاری کیا تھا جس کی وضاحت دفعہ (3) 134 کے تحت گوشوارہ کے جزو-C کے پوائنٹ نمبر 11 میں کی گئی ہے۔

**مزید قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹیو اور/ یا کسی دو ڈائریکٹرز کو مشترکہ طور پر یا کسی ایک ڈائریکٹر اور چیف فنانشل آفیسر/کمپنی سیکرٹری کو مشترکہ طور پر مندرجہ بالا قرار دادوں پر عملدرآمد/ موثر بنانے کے لیے تمام اقدامات/ کارروائیاں ضروری ڈیڈ راور معاملات جو ضروری یا ہنگامی طور پر اور/ یا حسب بالا کمپنی کے فنڈز سے سرمایہ کاری کیلئے لازمی ہوں اور جب اور جس وقت سرمایہ کاری کرنی ہو لیکن گفت وشنید تک محدود نہ ہو اور ضروری معاہدے طے کرنے اور قانونی دستاویزات کی تیاری کا اختیار دیا جاتا ہے۔

### دیگر امور

6) چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت خصوصی امور پر مشتمل ایک بیانیہ حصص یافتگان کو اس نوٹس کے ساتھ بھیجا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ
منظور رضا
کمپنی سیکریٹری

کراچی 5: نومبر 2019

### نوٹ:

1) کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 21 نومبر 2019 سے 27 نومبر 2019 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر واقع سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں بدھ 20 نومبر 2019 کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت رائے دہی اور نقد منافع منقسمہ کی اہلیت کے تعین کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2) اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا/ کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتا/ کر سکتی ہے جسے ممبر کی طرح تمام حقوق حاصل ہوں گے۔

3) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 ریفرنس نمبر 3 (5اے) متفرق اے آر او/ ایل ای ایس/ 96 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات سمیت طریقہ کار:

(i) ممبران، پراکسیوں یا نامزد افراد کو اپنی شناخت کے لیے اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا اور اپنا فولیو نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد فرد کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنے ہوں گے۔

(iii) مؤثر العمل ہونے کے لیے، پروکسی فارم دستخط اور مہر شدہ اور دو گواہوں کے نام، پتہ، قومی شناختی کارڈ نمبر اور دستخط کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ہمارے رجسٹرار کے دفتر پر موصول ہو جانے چاہئیں۔

(iv) انفرادی صورت میں بینیفیشل آنر اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنی ہوں گی۔

(v) کارپوریٹ ادارے کے پروکسی ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانی ہوگی۔

4) ممبران سے درخواست ہے کہ پتے میں کسی قسم کی تبدیلی سے تحریری طور پر رجسٹرار کے دفتر کو فوری مطلع کریں اور اپنے سی این آئی سی کی کاپی فوری طور پر فراہم کریں۔

### اہم:

**غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ**

حصص یافتگان جو کہ کسی بھی وجہ سے اپنے سابقہ منافع منقسمہ حاصل نہ کر سکے ہوں ان کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی سے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ، اگر کوئی ہو تو، اس کے متعلق معلومات/ وصولی کے لئے رابطہ کریں۔ غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ جو کہ اپنی جاری کردہ تاریخ کے تین سال سے زائد عرصہ سے غیر دعویٰ شدہ ہیں، ان کی تفصیل کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ برائے مہربانی نوٹ فرمائیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کی پاسداری کرتے ہوئے متعلقہ طریقہ کار کی تکمیل کے بعد تمام غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ جو کہ اپنے واجب الادا ہونے کے تین سال بعد تک غیر دعویٰ شدہ رہے ہوں انہیں وفاقی حکومت کے پاس جمع کروا دیا جائے گا۔

**شناختی تفصیلات کی فراہمی کیلئے حصص یافتگان کو نوٹس**

وہ انفرادی ممبران جنہوں نے کمپنی/ شیئر رجسٹرار کو اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی فوٹو کاپی ابھی تک جمع نہیں کرائی ہے ان سے ایک مرتبہ پھر درخواست کی جاتی ہے کہ فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو فراہم کر دیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ اپنا قومی ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔ CNIC/NTN کے ساتھ اپنے فولیو نمبر کی تفصیلات بھی فراہم کریں۔ درست CNIC کی نقل موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی SECP کی متعلقہ ہدایات پر عمل نہیں کر پائے گی اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (a)(2)243 کے تحت ایسے حصص یافتگان، اگر کوئی ہوں تو، ان کے منافع منقسمہ کی ادائیگی کو روکنے کی پابند ہوگی۔ ممبران سے یہ بھی درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے بروکر/ شریک کار/ CDC اکاؤنٹ سروسز کو اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات بمع IBAN سے مطلع کر دیں اور رابطہ کی تفصیلات بشمول فون نمبر اور ای میل ایڈریس فراہم کر دیں تا کہ کمپنی ان کے ذریعے خط وکتابت اور مستقبل میں متوقع (اگر ضرورت پڑے تو) آئینی ضروریات کو پورا کر سکے۔

کارپوریٹ اداروں/ قانونی افراد کی توجہ SECP کے سرکلر نمبر 16 کی جانب مبذول کی جاتی ہے۔ متعلقہ حصص یافتگان (کارپوریٹ اداروں/ قانونی افراد) کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ حقیقی مالکان سے متعلق معلومات اور/ یا دیگر معلومات جن کی وضاحت SECP کے سرکلر میں دی گئی ہوا نہیں کمپنی کے رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔

**ای ووٹنگ**

ممبران کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 143-145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز مجریہ 2018ء کے تحت حقِ رائے دہی کے استعمال کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

**وڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی**

حصص یافتگان اجلاس ہذا میں بذریعہ وڈیو لنک سہولت شریک ہو سکتے ہیں۔ کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات (7) روز قبل کسی دوسرے شہر میں مقیم دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کی جانب سے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول ہونے کی صورت میں کمپنی متعلقہ مقام پر وڈیو لنک سہولت کا اہتمام کرے گی۔

بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے متمنی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ''وڈیو لنک فیسیلیٹی فارم'' پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کر دیں۔ واضح ہو کہ ممبر یا پروکسی کے علاوہ کوئی فرد وڈیو لنک کانفرس میں شرکت کا اہل نہیں ہوگا۔

**سالانہ رپورٹ کی تقسیم**

30 جون 2019 کو مکمل ہونے والے سال کے لیے کمپنی آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.arifhabibcorp.com پر دستیاب ہیں مزید براں گزشتہ سالوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالی گوشوارے بھی ویب سائٹ پر جاری کر دیے گئے ہیں۔

مزید برآں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ SRO 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016 کے ذریعے SECP نے کمپنیوں کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اپنے ممبران کو کاغذی نقول کے بجائے بذریعہ CD/DVD/USB ان کے رجسٹرڈ پتوں پر بھیجنے کی اجازت دی ہے بشرطیکہ حصص یافتگان رضامند ہوں اور دیگر شرائط کی پاسداری کی جائے، کمپنی نے اپنے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 21 ستمبر 2016 میں حصص یافتگان سے اس کی منظوری حاصل کر لی تھی۔ لہٰذا کمپنی کی سالانہ رپورٹ برائے اختتامی سال 30 جون 2019 کو حصص یافتگان کو بذریعہ CD بھیجا جا رہا ہے۔ تاہم اس کے علاوہ اگر کوئی حصص یافتہ، آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی کاغذی نقول کی درخواست کرتا ہے تو درخواست کی وصولی کے سات دن کے اندر بلا معاوضہ فراہم کر دی جائے گی۔ حصص یافتگان کی سہولت کے لئے ''ایک معیاری درخواست فارم'' برائے فراہمی سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بھی کمپنی کی ویب سائٹ (http://arifhabibcorp.com/contact.php) پر دستیاب ہے۔